حق پرست عوام، شفیع الدین کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔30، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے نارتھ ناظم آباد ٹاؤن یوسی 1 کے حق پرست جنرل کونسلر شفیع الدین کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ شفیع الدین کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

ایم کیو ایم سے تعلق رکھنے والے آزاد کشمیر کے وزیر سیاحت طاہر کھوکھر اور آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے ڈپٹی اسپیکر محمد سلیم بٹ کا میر پور پہنچنے پر فقید المثال استقبال

الطاف حسین نے کراچی سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کیخلاف جس سفر کا آغاز کیا وہ آزاد کشمیر تک پہنچ گیا۔طاہر کھوکھر

سابقہ حکومت کی سیاہ کاریوں اور کرپشن کیخلاف آزاد کشمیر اسمبلی میں سب سے پہلے حق پرستوں نے آواز بلند کی، سلیم بٹ

ایم کیو ایم عوامی وسائل کو عوام کی فلاح و بہبود کیلئے استعمال کرے گی عوام کی خدمت کیلئے انقلابی اقدامات اٹھائیں گے،

قائداعظم اسٹیڈیم میں جلسہ سے خطاب

مظفر آباد۔۔30 / جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ سے تعلق رکھنے والے آزاد کشمیر وزیر سیاحت و اسپورٹس محمد طاہر کھوکھر اور آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے ڈپٹی اسپیکر محمد سلیم بٹ اپنے عہدے کا حلف اٹھانے کے بعد گزشتہ روز آزاد کشمیر کے شہر میر پور پہنچے تو منگلا پل پر ایم کیو ایم آزاد کشمیر کے کارکنوں اور شہریوں نے ان کا فقید المثال استقبال کیا۔دونوں کو ایک بڑے جلوس کی شکل میں قائداعظم اسٹیڈیم جلسہ گاہ تک پہنچایا۔اس موقع پر جلوس کے راستہ میں جگہ جگہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے پورٹریٹ، متحدہ قومی موومنٹ کے پرچم اور خیر مقدمی بینر لگے ہوئے تھے۔اسٹیڈیم میں جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے محمد سلیم بٹ اور محمد طاہر کھوکھر نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے 27 سال قبل کراچی سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کیخلاف جس سفر کا آغاز کیا تھا اس کا دائرہ آج کراچی سے نکل کر سندھ، پنجاب، بلوچستان، صوبہ سرحد اور ملک کے شمالی علاقہ جات گلگت اور آزاد کشمیر تک پہنچ گیا۔انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر اسمبلی میں متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست نمائندوں نے آزاد کشمیر کی سابقہ حکومت کی سیاہ کاریوں اور کرپشن کیخلاف سب سے پہلے اسمبلی میں آواز بلند کی اور آج اسی آواز کی وجہ سے ہوائی اعلانات کرنے والی حکومت ختم ہوگئی اور قومی حکومت کا قیام عمل میں آیا۔موجودہ وزیراعظم سردار محمد یعقوب خان کی حکومت مضبوط ہاتھوں میں ہے اور ممبران اسمبلی پوری طرح سے انکے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اکتوبر 2005ء کے قیامت خیز زلزلہ کے وقت متحدہ قومی موومنٹ کے کارکنان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں، ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف نے زلزلے سے متاثرہ علاقوں کشمیر عوام کی خدمت کی وہ کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے حکم پر تین سال قبل آزاد کشمیر میں متحدہ قومی موومنٹ کی بنیاد ڈالی۔انہوں نے کہا کہ ہم نے مختصر عرصے میں الیکشن میں حصہ لیا اور آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں حق پرستوں نے دو نشستیں حاصل کیں یہ متحدہ قومی موومنٹ کی عوامی حمایت اور بہترین کارکردگی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم نے آزاد کشمیر میں برادری ازم کے رواج کو ختم کیا اور ایم کیو ایم اور قائد تحریک الطاف حسین کے نظریہ، فکر و فلسفہ کو فروغ دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم آزاد کشمیر کے حق پرست عوام سے امید کرتے ہیں وہ ہماری کارکردگی کی بناء پر آئندہ متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان کو اسمبلی میں اکثریت دلوائیں گے۔جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے۔جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے وزیر سیاحت و اسپورٹس و کلچر اور امور نوجوانان محمد طاہر کھوکھر نے کہا کہ ایم کیو ایم قائد تحریک الطاف حسین کا پیغام ہے کہ غریب لوگوں کی زیادہ سے زیادہ خدمت کی جائے۔لوگوں کے مسائل کے حل کیلئے ہم لوگوں پاس چل جائیں لوگوں کو دفتر کے چکر نہ لگائیں۔انہوں نے کہا کہ ہماری حکومت سابقہ حکومت کی سیاہ کاریوں کو عوام کے سامنے لائے گی۔انہوں نے کہا کہ ایم ڈی اے، منگلا ڈیم اور زلزلہ کے متاثرین کے ساتھ کی جانے والی زیادتیوں کا ازالہ کیا جائے گا، ہوائی اعلانات کے بجائے حقیقی معنوں میں عوامی خدمت کے کام ہوں گے ایم کیو ایم عوامی وسائل کو عوام کی امانت سمجھ کر عوامی فلاح و بہبود کیلئے استعمال کرے گی اور اپنی وزارت کے محکموں میں انقلابی اقدامات اٹھائے جائیں گے آزاد کشمیر بھر میں صحتمند سرگرمیوں کیلئے کھیل کے میدان بنائے جائیں گے 19 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والے قائد اعظم اسٹیڈیم کو کھیلوں کا مرکز بنایا جائے گا، آزاد کشمیر میں سیاست کے شعبہ اور ثقافت کو اجاگر کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ میر پور شہر کو بین الاقوامی شہر بنانے کے لیے تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔جلسہ سے سابق امیدوار اسمبلی عمران شیخ، عاصم جنجوعہ، الطاف اعوان، ضلعی آرگنائزر ارشد انصاری، انجمن تاجراں کے صدر چوہدری نعیم، راجہ امتیاز، محمد اقبال فاروقی، راجہ لال خان، ارشد مجاہد اور ایم کیو ایم کے مقامی ذمہ داروں نے خطاب کیا۔

رابطہ کمیٹی کا ایم کیو ایم کے کارکنان سے اظہار تعزیت

کراچی۔۔30؍جنوری2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم لیاقت آباد ٹاؤن یوسی 7 کے حق پرست کونسلر فرحان کے والد سید حامد الدین، ایم کیو ایم کراچی مضافاتی کمیٹی ماری پور سیکٹر گلبائی یونٹ کے کارکن وسیم کی والدہ جمیلہ، ایم کیو ایم کراچی مضافاتی کمیٹی بن قاسم سیکٹر یونٹ یوسی 5 فقیر ہاشم کے بھائی گل بہار کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے تمام مرحومین کے سوگوار الواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوارن کو صبر جمیل کی توفیق دے۔آمین

☆☆☆☆☆